گھروں کا دورہ کرنا

جب گھروں کا دورہ کریں تو یہ باتیں ذہن میں رکھیں

• • •

- صورتحال سمجھنے کیلئے پہلے معلومات حاصل کریں۔
- پہل مناسب سوال کریں۔
- عورت کا جواب غور سے سنیں اور اس کے بولنے تک بیچ میں نہ بولیں۔
- بیماری کی مدت اور علامات کے بارے میں زیادہ سوالات کرکے زیادہ سے زیادہ معلومات اکٹھا کریں۔
- غور سے سنیں اور ماں نے جو درستگی کے اقدامات کئے ہیں ان کی ستائش کریں۔
- اس کے بعد خاتون/ ماں کو مشورہ دیں کہ انھیں مزید کیا کرنا چاہئے۔ یہ باتیں بالکل واضح اور چھوٹے چھوٹے جملوں میں بتانی چاہئے۔
- اہم چیزوں کو دہرائیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ماں نے پوری بات سمجھ لی ہے۔
- کسی افواہ یا غلط سوچ کے بارے میں تبادلہ خیال کریں اور اس کو درست کریں۔
- آخر میں دوبارہ دورہ کرنے یا ریفر کرنے کے بارے میں طے کریں۔
- صحت سے متعلق کوئی تشخیص نہ کریں بلکہ ماں کو صرف مشورہ کریں۔

تعارف

- گھروں کا دورہ کرنے کا مقصد کنبے کے افراد کے ساتھ بات چیت کرنا تاکہ صحت کے فروغ اور بیماریوں کی روک تھام کی جاسکے۔
- آنگن واڑی ورکروں کو روزانہ 2 گھنٹے کے لئے گھروں کا دورہ کرنا چاہئے اور خاص طور پر 3 سال سے کم عمر بچوں کے گھروں میں جانا چاہئے۔
- گھروں کے دورے کے دوران کنبے کے افراد کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کرنے کی کوشش کرنی چاہئے، صحت اور تغذیہ سے متعلق اہم پوائنٹس پر توجہ دیں، انہیں صحت مند طریقہ کار اپنانے میں مدد دیں۔ بیماری کا شروع میں پتہ لگانے کی کوشش کریں اور انہیں مناسب صلاح دیں۔
- خاص طور پر ایسے گھروں میں جائیں جہاں کوئی حاملہ عورت کا حال ہی میں اسقاط حمل ہوا ہے یا زچگی ہوئی ہے یا جہاں 2 سال سے کم عمر کا بچہ ہے یا بچے میں تغذیہ کی کمی ہے، ایسے گھروں میں وقفے وقفے سے جانے کی ضرورت ہے۔
- واضح اور صاف پیغام میں مندرجہ ذیل شامل کریں۔

بے مقصد یا غیر مؤثر پیغام	کارآمد اور صحت مند پیغامات
ڈائریا یا دستوں سے بچاؤ کے لئے اپنے آس پڑوس پر توجہ دیں	ڈائریا یا دستوں سے بچاؤ کے لئے اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کھانا بنانے یا بچے کو کھلانے سے پہلے اپنے ہاتھ اچھی طرح صابن سے دھولیں اور پاخانے کے بعد بھی ہمیشہ صابن سے ہاتھ دھوئیں۔
بچے کی اچھی طرح دیکھ بھال کریں	کیا آپ کے پاس اپنے بچے کو کھانا کھلانے کا کافی وقت ہے؟ یا بچے کے ساتھ کھیلنے کا وقت ہے؟ جب آپ کام پر جاتی ہیں تو آپ کے بچے کو کون دیکھتا ہے؟
آپ کا بچہ اب ایک برس کا ہوگیا ہے، آپ اسے تغذیہ بخش کھانے کھلائیں	کیا یہ ممکن ہے کہ آپ اپنے بچے کو ایک انڈا روزانہ کھلائیں یا دودھ اور سبزیاں کھلائیں؟ آپ کیسے اسے پورا کریں گی کیا گھر میں دوسرے بچے بھی یہی سب کچھ مانگیں گے اور اس سے مزید مسئلہ پیدا ہوجائے گا۔

تمام دورے

(دوستانہ ماحول بنانے کے لئے بات چیت کی بنیادی صلاحیت استعمال کرنی چاہئے)

- مبارکباد دینا
- اپنے دورے کا مقصد واضح کرنا
- ایسے انداز میں بولیں کہ خاندان والے محسوس کریں کہ وہ آپ پر اعتماد کر سکتے ہیں
- نرم لہجے میں بات کریں
- مقامی زبان میں آسان لفظوں میں گفتگو کریں
- دوسروں کا احترام کریں
- اچھا کام کرنے والی عورت کی تعریف کریں اور اس کی خود اعتمادی کو بڑھاوا دیں
- اس بات کی وضاحت کریں کہ آپ کچھ غلط طریقوں کو کیوں منع کر رہی ہیں، صرف ان باتوں کو خراب یا برا کہہ کر یا غلط اعتقاد کہہ کر مذمت نہ کریں۔
- ان کو بتائیں نہیں بلکہ پوچھیں
- اس بات کو دیکھیں کہ کیا عورت کچھ پوچھنا چاہتی ہے
- عورت اور خاندان کے ارکان کا شکریہ ادا کریں اور انہیں اپنے اگلے دورے کے بارے میں بتائیں۔



مشکل صورتحال

اگر عورت شرماتی ہے

- عورت سے عام چیزوں کے بارے میں بات کریں تاکہ وہ کھل سکے۔
- عورت کو بولنے کے لئے ہمت افزائی کریں۔
- عورت کو حوصلہ دلانے کے لئے اس کی تعریف کریں۔
- اپنے سوالوں کو دہرائیں۔

اگر عورت تعاون نہ کرنے والی اور بحث کرنے والی ہو

- عورت کی تعریف کریں تاکہ وہ خود کو محفوظ سمجھے
- اس کے ساتھ ہمدردی جتائیں اور دوستی کریں اور غصہ نہ ہوں
- اس کی باتیں سننے میں زیادہ وقت لگائیں۔
- اگر عورت فوری طور پر نہیں مانتی ہے تو اس پر زور نہ دیں اور صرف یہ کہیں کہ آپ پھر نہ کریں گی۔

اگر عورت زیادہ سوال کرتی ہے اور زیادہ جاننا چاہتی ہے

- اس کے سوالوں کا آسان زبان میں جواب دیں
- اسے سمجھائیں کہ آپ بار بار آتی رہیں گی اور آپ سے پھر باتیں ہو سکیں گی